# شراکت داری کے اصول: ایکشن ایڈ کا کام

## بین الاقوامی تنازعہ اور ہنگامی حالات کی ٹیم (IECT):

### غریبوں اور غیر محفوظ لوگوں پر قدرتی آفات اور تنازعات کے اسباب اور اثرات کو کم کرنا۔

حکمتِ عملی کا مقصد: لوگوں کو اِس قابل بنانا کہ وہ تنازعہ اور ہنگامی حالات کے دوران اپنے حقوق کا استعمال کا جاری رکھیں اور تحفظ کے احساس کو قائم رکھیں۔

## خلاصہ (Summary)

جولائی 2007ء میں گلوبل ہیومینیٹیرین پلیٹ فارم (Global Humanitarian Platform) شراکت داری کے اُصول اپنائے۔ GHP ہیومینیٹیرین ایکٹرز کے تین اہم گروہوں نے بنائے جن میں: اقوامِ متحدہ اور متعلقہ بین الاقوامی تنظیمیں، ریڈ کراس/ ریڈ کریسنٹ موومنٹ اور این جی اوز شامل ہیں۔ یہ اُصول ہیومینیٹیرین ایکٹرز کو یکساں بنیاد فراہم کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں۔ ایکشن ایڈ کا چیف ایگزیکٹو بھی چالیس ایجنسیوں کے سربراہان میں شامل تھا جنھوں نے شراکت داری کے اُصولوں (PoPs) کی اِس اُمید پر توثیق کی کہ یہ اقوامِ متحدہ کے ساتھ تعلقات میں بہتری کے لئے مددگار رہوں گے اور ہمارے سٹاف کی اقوامِ متحدہ کی ایجنسیوں کے ساتھ معاہدے اور سمجھوتے کرنے میں عملی طور پر معاونت کریں گے۔ اِن ایجنسیوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں۔

- ☆ معاہدے کی یاداشت (Memorandums of Understanding)
- ☆ Common Humananitarian Action Plans (CHAPs) اور Consolidated Appeals Processes (CAPs)
- ☆ Central Emergency Response Funds (CERFs)
- ☆ Real Time Evaluation (RTEs)

یہ ہدایات واضح کرتی ہیں کہ یہ اصول کیا ہے، یہ کیوں بنائے گئے اور کیسے کر سکتے ہیں۔

GHP کا مقصد قومی اور بین الاقوامی سطح پر شراکت داری (Partnership) کو مضبوط کر کے ہیومینیٹیرین امداد کو بہتر بنانا ہے۔ یہ اقوامِ متحدہ کے لئے کوئی نئی بات نہیں کہ این جی اوز کے ساتھ مل کر کام کرے اور اُن پر قومی اور بین الاقوامی سطح پر انسانی فلاح و بہبود کے کام میں انحصار کرے۔ اقوامِ متحدہ کی حالیہ اصلاحات نے یو این ایجنسیز اور این جی اوز کے درمیان طاقت کے عدم توازن اور فنڈنگ تک غیر مساوی پہنچ کے متعلق تشویش کا اظہار کیا ہے۔

## شراکت داری کے اُصول ________ گلوبل ہیومینیٹیرین پلیٹ فارم (GHP) 12 جولائی 2007ء سے توثیق شُدہ وفاداری کا بیان:

- ☆ ہیومینیٹیرین ایکشن جس کا انحصار اخلاقی فرض اور اُن لوگوں کے ذریعے احتساب پر ہے جن کی ہم خدمت کرتے ہیں، کے اثر کو بڑھانے کے لئے کوشش کرنا ہے۔
- ☆ ہیومینیٹیرین کمیونٹی کے لئے اختلاف کو بطور ایک اثاثہ تسلیم کرنا اور ہیومینیٹیرین تنظیموں کے مابین باہمی انحصار کو ماننا۔
- ☆ ایک موثر شراکت داری کو قائم کرنے اور اِس کے فروغ کا عہد

## ۔۔۔گلوبل ہیومینیٹیرین پلیٹ فارم میں شرکت کرنے والی تنظیمیں مندرجہ ذیل اُصولوں پر شراکت داری کے لئے رضا مند ہیں۔

### برابری (Equality)

برابری یہ تقاضا کرتی ہے کہ شراکت داری (Partnership) کے تمام ارکان میں اُن کے سائز اور طاقت سے قطع نظر باہمی احترام کا رشتہ ہو۔ شرکاء کو ایک دوسرے کے منشور، فرائض اور آزادی کا احترام کرنا چاہیئے اور ایک دوسرے کی حدود اور عہد و پیمان کا خیال رکھنا چاہیئے۔ باہمی احترام تنظیموں کو تعمیری اختلافِ رائے سے محروم نہیں کرتا۔

### شفافیت (Transparency)

ابتدائی مشاورت اور معلومات کے تبادلے پر زور دے کر، شفافیت مکالمہ (برابری کی بنیاد پر) کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے۔ موثر ابلاغ اور شفافیت جس میں مالی شفافیت بھی شامل ہے، کے ذریعے تنظیموں میں اعتماد کی سطح بلند کی جاتی ہے۔

## نتیجہ خیز طریقہء کار(Result-oriented approach)

موثر ہیومینیٹیرین ایکشن کو حقیقت پر مبنی اور عملی ہونا چاہیئے ۔اس کے لئے نتیجہ خیز کو آرڈینیشن (Coordination) کی ضرورت ہے۔جس کا انحصار موثر قابلیتوں اور کام کرنے کی ٹھوس صلاحیتوں پر ہے۔

## ذمہ داری(Responsibility)

ہیومینیٹیرین تنظیموں کا یہ اخلاقی فرض ہے کہ وہ اپنے کام بڑی ذمہ داری اور موزوں ومناسب طریقے سے نبھائیں۔اُنہیں صرف اُنہی سرگرمیوں کی حامی بھرنی چاہیئے جن کی تکمیل کے لئے اُن کے پاس ذرائع ،مہارتیں اور گنجائش موجود ہو۔ہیومینیٹیریز کی جانب سے ہونے والی بے قاعدگیوں کی روک تھام کے لئے مضبوط اور موثر کوشش ہونی چاہیئے۔

## تکمیل (Complementarity)

ہیومینیٹیرین کمیونٹی کا اختلاف ایک اثاثہ ہے اگر ہم اِسے تقابلی فوائد اور ایک دوسرے کے کام کی تکمیل کے لئے استعمال کریں۔مقامی صلاحیت ایک اہم اثاثہ ہے جسے بڑھانے اور تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔ہیومینیٹیرین تنظیموں کو جہاں ممکن ہو اِسے ہنگامی حالات کا اہم حصہ بنانے کی کوشش کرنی چاہیئے ۔زبان اور ثقافتی رکاوٹوں پر قابو پانا چاہیئے۔

## PoPs کو ملکی سطح پر استعمال کرنے کے لئے مفید مشورے اور ہدایات

- ☆ PoPs کا مقامی زبان میں ترجمہ کریں اور اِنہیں مقامی پارٹنرز ،ڈونرز (معطی ،واہب،عطیہ دہندہ)(Donors)اور بین الاقوامی این جی اوز میں تقسیم کریں۔
- ☆ بین الاقوامی این جی اوز،این جی اوز اور سی بی اوز( Community Based Organizations)اور متعلقہ ضلعی/ حکومتی عہدیداروں کے ساتھ ایک ورکشاپ کا انعقاد کریں جس میں اُنہیں مخصوص ملکی ماحول میں PoPs کو کام میں لانے کے طریقے ترتیب دیں۔
- ☆ تمام ہیومینیٹیرین ایکٹرز کا معیار بلند کرنے کے لئے استعمال ہو سکتے ہیں۔
- ☆ عملی طور پر بدلتے ہوئے تعلقات کی بہتری کے لئے استعمال ہو سکتے ہیں اور این جی اوز کو نامساعد حالات میں زیادہ طاقت دی جاسکتی ہے۔
- ☆ معاہدوں، سمجھوتوں،مشترکہ کوششوں، Common Humanitarian Action Plan (CHAP)اور

Consolidated Appeals (CAs) کے لئے ایک طاقتور آلہ ہوسکتا ہے۔

☆ کلسٹرز اور کلسٹر زلیڈرز کے ساتھ بات چیت کرنے اور تعلقات کی بہتری کے لئے استعمال ہوسکتا ہے۔

☆ کلسٹرز کے کام میں رہنمائی کرنی چاہیئے۔

اِن اُصولوں کا استعمال فرض نہیں ہے۔ تاہم 2007ء میں ان اُصولوں کی توثیق کرنے والی چالیس تنظیموں کا حصہ ہوتے ہوئے ایکشن ایڈ اِن اُصولوں کو اپنانے اور اِنہیں اپنے انسانی فلاح و بہبود کے کام کے تمام پہلوؤں میں استعمال کرنے میں کوشاں ہے۔

ہمارے تمام سٹاف، قومی اور مقامی این جی اوز اور یو این ایجنسیز کی اِن تمام اُصولوں سے واقفیت ہونی چاہیئے اور اِنہیں مشترکہ میٹنگز میں زیرِ بحث لانے میں آزادی محسوس کرنی چاہیئے۔

ذرائع:

http://www.humanitarianreform.org

www.globalhumanitariandonorship.org

http:www.goodhumanitariandonorship.org.uk

مزید معلومات کے رابطہ کریں:emergencies@actionaid.org